© rasailojaraid.com


مقامات پر اس کے متنوع معانی و مفاہیم کو بالتفصیل بیان کیا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ تشریح کرتے وقت اپنے موقف کے اثبات میں مختلف مستند مأخذ فقہیہ کو بطور استشہاد پیش کیا ہے۔ یقیناً حضرت مفتی صاحب اوراس کے معاونین اس علمی اور تحقیقی کاوش پر قابل صد تحسین وتبریک ہے۔ یہ علمی اور تحقیقی تحفہ انتہائی مناسب قیمت میں موتمر المصنفین سے دستیاب ہے۔ 0334-9190583

● اسلام میں اسرار کی اہمیت وحفاظت ..................مولانا عبدالباقی حقانی

موجودہ دور میں (Secrecy system) ہر ریاست کی ایک بنیادی ضرورت بن چکی ہے بلکہ کسی ریاست کو استحکام اس وقت تک نہیں مل سکتا جب تک وہ ایک مضبوط (Secrecy system) کے مالک نہ ہو۔افسوس ہے کہ بہت سے دیگر شعبوں کی طرح ہم اس شعبے میں مغرب کے لادینی اورالحادی نظریات کی سو فیصد تقلید کرنے لگے۔ اس موضوع کی بے انتہا اہمیت کے پیش نظر مولانا عبدالباقی حقانی نے اس پر قلم اٹھایا ہے اورخوب داد تحقیق دی ہے۔کم وبیش تین سو (۳۰۰) صفحات پر مشتمل اس کتاب میں فاضل مؤلف نے حفاظت راز کے متعلق بہت سارا قیمتی مواد بڑے سلیقے اورربط سے اکٹھا کیا ہے۔

کتاب دو ابواب پر مشتمل ہے: پہلا باب بارہ اودوسرا دس فصلوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔دونوں ابواب کے اہم مضامین یہ ہیں: راز کا تعارف، ماہیت، اقسام، راز کی حفاظت قرآن وحدیث کی روشنی میں،صحابۂ کرامؓ اورحفاظتِ راز ،تابعین اورحفاظتِ راز،حکام کیلئے حفاظتِ راز کی اہمیت،حکومتی رازوں کی شرعی حیثیت، افشائے راز کا معنی، طریقے، اقسام ،نقصانات،افشائے راز بطور جرم،اس کی سزا، وہ احوال جن میں افشاے راز جائز ہے وغیرہ۔

ان انتہائی اہم موضوعات کیلئے فاضل مؤلف نے قرآن وسنت سیرت وتاریخ اورفقہ وادب کے ہزراوں صفحات کو بڑی محنت اوردیدہ ریزی سے مطالعہ کیا ہے اور گوہر مقصود کو قارئین کے سامنے رکھ دیا ہے۔

اصل کتاب عربی زبان میں تھی، اردو قارئین کیلئے اسے مولانا محمد جان حقانی نے ترجمہ کیا۔اردو زبان میں ہماری معلومات کی حد تک اس موضوع پر یہ پہلی کاوش ہے۔دعا ہے کہ اللہ تعالی فاضل موصوف کی اس عظیم کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت سے نوازے اور ہمارے (Secrecy system) کو اسلامی خطوط پر استوار کرنے کیلئے سنگِ میل قرار دے۔ ناشر: مکتبہ حقانیہ پشاور،موبائل: 0347-9061408-0332-9957692

© rasailojaraid.com